www.CBSEtips.in

# Sample Question Paper 2022-23

**Subject: Urdu**
**Class: X**
**Code: 303**
**Course: B**

Time: 3 Hours　　　　　　　　　　Maximum Marks 80

## Section A (حصہ الف)

1۔ مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب دیجیے۔ **(1×10=10)**

(الف)

"ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام بھیم راؤ سکپال تھا۔ وہ 14/اپریل 1891ء کو مدھیہ پردیش کے قصبہ مہو میں پیدا ہوئے تھے۔ ان کا تعلق مہاراشٹر کے مہار خاندان سے تھا۔ اس زمانے میں چھوت چھات کی وبا عام تھی۔ ڈاکٹر امبیڈکر کو بچپن ہی سے اس قسم کے بھید بھاؤ اور ناانصافی کا سامنا کرنا پڑا۔ ڈاکٹر امبیڈکر اپنے استادوں کا بے حد احترام کیا کرتے تھے۔ ستارا کے ایک اسکول میں امبیڈکر نامی ایک استاد جوذات پات کی تفریق کو نہیں مانتے تھے۔ وہ بھیم راؤ کو بہت چاہتے تھے۔ استاد اور شاگرد کا یہ رشتہ ایسا مضبوط ہوا کہ آگے چل کر وہ بھیم راؤ سکپال سے بھیم راؤ امبیڈکر بن گئے۔"

(i) ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام کیا تھا؟

(ii) ڈاکٹر امبیڈکر کب پیدا ہوئے۔

(iii) ڈاکٹر امبیڈکر بھیم راؤ سکپال سے بھیم راؤ امبیڈکر کیسے بنے؟

(iv) امبیڈکر کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

(v) تفریق کے کیا معنی ہیں؟

(ب)

تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا　　　کیسی زمیں بنائی کیا آسماں بنایا
مٹی سے بیل بوٹے، کیا خوشنما اگائے　　　پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا
سورج سے ہم نے پائی گرمی بھی، روشنی بھی　　　کیا خوب چشمہ تو نے، اے مہرباں بنایا
یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی　　　قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا
رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسر　　　ان نعمتوں کا تجھ کو ہے قدرداں بنایا

(i) اس دنیا کی تخلیق کس نے کی؟

(ii) خدا نے مٹی سے کیا اگائے؟

(iii) پیاری پیاری چڑیاں کس کی تسبیح بیان کرتی ہیں؟

(iv) خوشنما کے کیا معنی ہیں؟

(v) اس نظم میں کس کی تعریف کی گئی ہے؟

2۔ درج ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور ان پر مبنی سوالوں کے جواب لکھئے۔ **(1×10=10)**

(الف)

ابدال، قطب و غوث، ولی آدمی ہوئے
منکر بھی آدمی ہوئے اور کفر کے بھرے
کیا کیا کرشمے کشف و کرامات کے لیے
حتّٰی کہ اپنے زہد و ریاضت کے زور سے
خالق سے جا ملا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

شداد بھی بہشت بنا کر ہوا خُدا
فرعون نے کیا تھا جو دعویٰ خُدائی کا
نمرود بھی خُدا ہی کہاتا تھا بر ملا
یہ بات ہے سمجھنے کی آگے کہوں میں کیا
یاں تک جو ہو چکا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

(i) ابدال کسے کہتے ہیں؟

(ii) بہشت بنا کر کس نے خدائی کا دعویٰ کیا تھا؟

(iii) اس نظم میں فرعون سے کیا مراد ہے؟

(iv) خالق کے کیا معنی ہیں؟

(v) نمرود سے متعلق اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔

(ب)

آج سے تقریباً ڈیڑھ ہزار سال پہلے ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کے تین خاص مرکز تھے۔ ٹکشلا، نالندہ اور وکرم شلا۔ انھیں مہاوہار کہا جاتا تھا۔ آج کی بڑی یونیورسٹیوں کی طرح ان اداروں میں بھی دوسرے ملکوں سے طالب علم آیا کرتے تھے۔ یہاں بدھ مذہب اور فلسفے کی تعلیم کے لیے بڑے کام کیے گئے۔ ان تین مہاوہاروں میں نالندہ سب سے زیادہ عرصے تک یعنی تقریباً آٹھ سو برس تک قائم رہا۔ اس میں تعلیم حاصل کرنے والوں میں چین کے مشہور سیاح ہیونگ کی شخصیت نمایاں ہے۔ اس کی طالب علمی کا دور 629 سے 645 عیسوی تک کا

مانا جاتا ہے۔ نالندہ یونیورسٹی 450 کے آس پاس قائم کی گئی۔ اس زمانے میں مگدھ ریاست پر گپت خاندان کی حکومت تھی۔ اس خاندان کے کئی راجاؤں نے نالندہ کی ترقی کے لیے خزانوں کے منھ کھول دیے تھے۔

(i) ٹیکشلا، نالندہ، اور وکرم شلا کس کے مرکز تھے؟

(ii) مہاوہار کسے کہا جاتا ہے؟

(iii) نالندہ مہاوہار کتنے دنوں تک قائم رہا؟

(iv) ہیونگ سانگ کی طالب علمی کا زمانہ کیا تھا؟

(v) نالندہ یونیورسٹی کب قائم ہوئی؟

## Section B (حصہ ب)

3۔ یوم جمہوریہ کے عنوان سے ایک مضمون تحریر کریں۔ (1×10=10)

4۔ اپنے اسکول کے پرنسپل کو چھٹی کے لیے درخواست لکھئے۔ (1×5=5)

5۔ حبیب تنویر کے حالات زندگی پر ایک نوٹ لکھئے۔ (1×5=5)

یا

انٹرنیٹ کے فائدے پر روشنی ڈالئے۔

6۔ مرزا غالب کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔ (1×5=5)

یا

اقبال کی شاعری پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالئے۔

## Section C (حصہ ج)

7۔ درج ذیل سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب تلاش کر کے لکھیے۔ (8×2=16)

(i) وہ لفظ جس سے کسی کام کا ہونا یا کرنا ظاہر ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟

(A) فعل (B) صفت (C) ضمیر (D) اسم

(ii) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو اُسے کیا کہتے ہیں۔

(A) فعل معروف (B) فعل مجہول (C) فعل لازم (D) فعل ناقص

(iii) اشعار جمع ہے؟

(A) شاعر (B) شعور (C) شعر (D) شریر

(iv) مندرجہ ذیل میں مذکر کی نشاندہی کیجئے۔

(A)ہوا (B) گھٹا (C)فضا (D)طوفان

(v) مندرجہ ذیل میں مؤنث کی نشاندہی کیجئے۔

(A)موتی (B)دہی (C)ہاتھی (D)روشنائی

(vi) خیر کا متضاد لفظ ہے:

(A)شر (B)شیر (C)شعر (D)شرر

(vii) مندرجہ ذیل میں کون سے لفظ میں سابقہ کا استعمال ہوا ہے۔

(A)گل زار (B)خوش قسمت (C)عطر دان (D)دولت مند

(viii) مندرجہ ذیل الفاظ میں جمع کی نشاندہی کیجئے۔

(A)افکار (B)اجلاس (C)افلاس (D)ایثار

## Section D (حصہ د)

8۔ مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ **(4×1=4)**

بھیس بدلنا، میدان چھوڑنا، ہتھیار ڈالنا

9۔ (i) رضیہ سلطانہ نے کتنے برس حکومت کی؟ (2)

(ii) مواصلاتی نظام کسے کہتے ہیں؟ (2)

(iii) بے تکلفی مضمون کا مرکزی خیال کیا ہے؟ (2)

10۔ (i) کنہیالال کپور کس زبان کے استاد تھے؟ (1)

(ii) 'خدا کے نام خط' کس زبان کی لوک کہانی پر مشتمل ہے؟ (1)

11۔ (i) چڑیا خدا کی تسبیح کیسے کرتی ہے۔ (2)

(ii) "تعریف اُس خدا کی جس نے جہاں بنایا"۔ اس شعر کا دوسرا مصرع لکھئے۔ (2)

12۔ (i) عوامی شاعر کس کو کہا جاتا ہے؟ (1)

(ii) نازکی اس کے لب کی کیا کہئے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے؟
یہ کس کا شعر ہے؟ (1)

(iii) کعبے کس منھ سے جاؤگے غالب شرم تم کو مگر نہیں آتی۔
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال میں لائی گئی ہے؟ (1)